نیسلے پاکستان کی جانب سے نئے مینیجنگ ڈائریکٹر کا خیر مقدم

پریس ریلیز

Nestlé

لاہور، 08 ستمبر 2015ء : NHW (نیوٹرشن ہیلتھ اینڈ ویلنس) یعنی غذائیت، صحت اور فلاح میں ملک کی معروف کمپنی، نیسلے پاکستان نے انتظامیہ میں تبدیلی کا اعلان کیا ہے۔

مگدی بٹاٹو (Magdi Batato) کے ٹرانسفر کے بعد برونو اولیوک (Bruno Olierhoek) نے بطور مینیجنگ ڈائریکٹر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر، نیسلے پاکستان کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔

نیسلے پاکستان میں سربراہ کی حیثیت سے تین سال تک خدمات انجام دینے کے بعد مگدی بٹاٹو بطور ایگزیکٹو وائس پریذیڈنٹ انچارج برائے آپریشنز نیسلے ورلڈ وائیڈ، سوئٹزرلینڈ منتقل ہو گئے ہیں۔

برونو اولیوک، ڈچ اور فرنچ قومیت رکھتے ہیں، وہ سینٹرل اور ویسٹ افریقہ ریجن میں کنٹری مینیجر ٹراپیکل کلسٹر کی حیثیت سے خدمات کی انجام دہی کے بعد افریقی ملک کیمرون سے نیسلے پاکستان آئے ہیں۔ انٹرنیشنل ایگزیکٹو کی حیثیت سے برونو، نیسلے میں 20 سال سے زائد عرصے سے خدمات انجام دے رہے ہیں، انہوں نے ایشیا (انڈونیشیا، ویتنام اور فلپینز)، یورپ (سوئٹزرلینڈ) اور افریقہ (کیمرون، چاڈ، گیبون، ایکویٹوریل گنی، سینٹرل افریقن ریپبلک، ساؤتوم اور پرنسپے) میں خدمات انجام دیں ہیں۔

برونو اولیوک، ہمہ جہتی فعال تجربہ رکھتے ہیں اور کاروبار کی کامیاب قیادت کرنے کے علاوہ نئے کاروبار کے قیام اور عالمی کاروباری حکمت عملی کی ترقی میں مصروف ہیں۔ انہوں نے نیسلے کے سینٹرل افریقن آپریشنز میں حفاظت اور صحت کے معیار پر توجہ مرکوز کی، جس کے نتیجے میں ادارہ 'Safe Way, Right Way,' کا بانی رکن بن گیا جس سے روڈ سیفٹی کو مزید فروغ ملا۔

برونو اولیوک نے نیسلے پاکستان کا انتظام سنبھالنے کے بعد ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کہا "میں آپ کے اس خوبصورت ملک کو جو بہترین ثقافت اور تاریخ رکھتا ہے اور قریب سے دیکھوں گا، اور نتیجتاً آپ کے تعاون اور مدد سے کامیابی کے ساتھ نیسلے پاکستان کی ٹھوس بنیادوں کی مزید تعمیر جاری رکھوں گا۔"

نیسلے پاکستان کا تعارف

نیسلے پاکستان NHW (نیوٹرشن ہیلتھ اینڈ ویلنس) یعنی غذائیت، صحت اور فلاح کے شعبے میں دنیا بھر میں صفِ اوّل کا ادارہ ہے جو اپنی مصنوعات کی تیاری میں تمام بین الاقوامی معیار پر پورا اُترتا اور ان سے آگے بڑھتا ہے۔ نیسلے پاکستان جن آبادیوں میں کام کرتا ہے وہاں تعلیم، غذائیت، پانی اور دیہی ترقی پر توجہ مرکوز کر کے مشترکہ اقدار پیدا کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ علاوہ ازیں، نیسلے پاکستان دودھ حاصل کرنے کے لیے 190,000 کسانوں کے ساتھ مربوط ہے اور سماجی ترقی کے لیے دیہی ترقی کے متعدد منصوبوں میں سرگرمِ عمل ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجیے:

عاتکہ میر خان
کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز مینیجر، نیسلے پاکستان
موبائل: 042-35988119
ای میل: aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com